## سزا

اگر کوئی ملزم/ملزمہ اقبال جرم کرلیتا/لیتی ہے یا قصوروار پایا جاتا/پائی جاتی ہے، آپ ان کا حوالہ "مجرم" کے طور پر سن سکتے ہیں۔

شیرف انتخاب کر سکتا ہے کہ سزا کے انتخابات میں سے کون سی سزا دینی ہے۔ انتخابات میں سے کچھ میں ملزم کو جیل یا نوجوان مجرم ادارہ (Young Offenders Institution) بھیجنا شامل ہے (حراستی سزا)۔ دیگر میں ایسا نہیں ہے، اور انھیں غیرحراستی سزا کہا جاتا ہے۔

بعض اوقات شیرف مجرم کے اقبال جرم یا قصوروار پائے جانے کے بعد فوراً سزا سناتے ہیں۔

دیگر معاملوں میں مجرم کے پش منظر کو جاننے اور دستیاب سزا کے انتخابات پر غور کرنے کے لئے وہ آگے کی تاریخ تک مقدمے کو ملتوی کریں گے۔ پس منظر کے رپورٹ شیرف کو مقدمے کو حل کرنے کے بہترین طریقے کا فیصلہ کرنے مدد کرتے ہیں۔

جہاں ٹرائل کے دوران مجرم جیل میں ہوتا ہے تو شیرف فیصلہ کریں گے کہ کیا ان کو سزا سنانے تک ضمانت پر رہا کیا جانا چاہئے۔ VIA آپ کو بتائے گا کیا مجرم ضمانت پر ہے یا حراست میں ہے۔

ہم مقدمے میں سزا دئے جانے کے متعلق بھی آپ کو بتائیں گے جس کا آپ سے تعلق ہے (حالانکہ آپ خود اسے سننے کے لئے کورٹ میں موجود ہو سکتے ہیں)۔ VIA کا پرچہ *سزاؤں کے متعلق معلومات* آپ کو اس کے متعلق مزید بتاتا ہے کہ شیرف کسی سزا کا فیصلہ کیسے کرتے ہیں اور اس کا کیا مطلب ہے۔

## اپیل

ایک مجرم فردجرم عائد کئے جانے اور/یا سزا کے خلاف اپیل کر سکتا ہے۔ استغاثہ صرف سزا کے خلاف اپیل کر سکتا ہے اور صرف بہت ہی محدود حالات میں۔

اگر کوئی جج منظوری دیتا ہے تو ایک مجرم کو سزا کے بعد تب تک رہا کیا جا سکتا ہے جب تک اپیل کی سنوائی ہوتی ہے، جسے عبوری رہائی کہا جاتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو VIA آپ کو بتائے گا۔

اگر اپیل اس مقدمہ میں کیا گیا ہے جس کا تعلق آپ سے ہے،تو VIA آپ کو بتائے گا۔ ہم آپ کو VIA پرچہ *اپیل کے متعلق معلومات* کی ایک نقل بھی بھیجیں گے جو مزید وضاحت پیش کرتا ہے۔

## مدد

آپ ذیل سے رابطہ کرنا چاہ سکتے ہیں :

**امداد برائے مظلوم اسکاٹ لینڈ** (Victim Support Scotland)جو جرم سے متاثر لوگوں کو عملی اور جذباتی مدد فراہم کرتا ہے۔ کاروباری اوقات کے دوران مقامی تفصیل کے لئے **0845 60 213 39** پر رابطہ کریں یا **www.victimsupportscot.org.uk**. پر جائیں۔

**خدمت گواہ** (Witness Service) کورٹ میں پیش ہونے کے وقت سبھی مظلومین اور گواہوں، اور ان کے اہل خاندان اور دوستوں کو، عملی اور جذباتی تعاوُن فراہم کرتا ہے۔ مقامی خدمت گواہ کی تفصیلات کے لئے براہ کرم امداد برائے مظلوم اسکاٹ لینڈ سے رابطہ کریں۔

VIA آپ کو دیگر امدادی تنظیموں کے رابطہ میں بھی رکھ سکتا ہے۔

## مزید معلومات

اگر آپ مزید کوئی معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں یا کوئی چیز ہے جس کے متعلق پریقین نہیں ہیں تو براہ کرم منسلک خط کے اوپر دئے ٹیلی فون نمبر کے زریعہ اپنے مقامی VIA کے دفتر سے رابطہ کریں۔

متبادل کے طور پر ہمارے پوچھ تاچھ مرکز پر بذریعہ ٹیلی فون 01389 739557 یا 0844 561 3000 پر رابطہ کریں

یا ہمارے ویب سائٹ www.copfs.gov.uk پر جائیں

**اگر آپ اس دستاویز کو کسی دیگر زبان میں، بڑے پرنٹ، آڈیو، بریل یا دوسری شکل میں چاہتے ہیں تو براہ کرم VIA سے رابطہ کریں۔ RNID ٹیکسٹ رلے پریفکس 18001 کے زریعہ آنے والے سبھی فون کا ہم خیرمقدم کرتے ہیں۔**

معلومات و صلاح برائے مظلوم
کراؤن آفس اور پروکیوریٹر فسکل خدمات کا ایک حصہ

© کراؤن کاپی رائٹ 2003 تبدیل نومبر 2006

APS گروپ اسکاٹ لینڈ
03/12 DPPAS12586

**VIA** Victim Information and Advice

# معلومات

## متعلق شیرف و جیوری طریقہ کار

# تعارف

صلاح و معلومات برائے مظلوم (VIA) نے یہ پرچہ آپ کو دیا ہے کیوں کہ آپ ایک جرم کے مظلوم اور/یا گواہ ہیں۔ استغاثہ کے سینئر وکلاء (کراؤن کونسل) نے فیصلہ کیا ہے کہ اس مقدمہ کو شیرف کورٹ میں چلنا چاہئے۔ شیرف اور جیوری ٹرائل میں، ایک جیوری (عوام میں سے 15 ارکان کا بنا ہوتا ہے) نتیجہ کا فیصلہ کرتا ہے اور ایک شیرف کسی سزا کا فیصلہ کرتا ہے۔

شیرف اور جیوری کی کارروائی میں ملزم کو فرد جرم (قانونی دستاویز) دیا جاتا ہے جس میں اس کے خلاف الزام (الزامات) رہتا ہے۔ اس میں گواہان کی فہرست، چیزیں اور دستاویزات (پروڈکشن کہا جاتا ہے) کسی بھی ٹرائل کے دوران جس کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔

یہ پرچہ شیرف اور جیوری کی کارروائی کے مراحل کی وضاحت کرتا ہے، اور آپ کو بتاتا ہے کہ گواہان کو کورٹ میں کب حاضر ہونا ہوسکتا ہے۔

## VIA کے متعلق

*VIA - ہم آپ کی مدد کیسے کر سکتے ہیں* پرچہ آپ کو وضاحت کرتا ہے کہ VIA کیا کرتا ہے اور آپ کی مدد کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں۔

اگر آپ VIA کی مدد نہیں چاہتے ہیں، براہ کرم بس ہمیں بتا دیں۔ اگر پھر آپ اپنا ذہن بدل لیتے ہیں، براہ کرم ہم سے رابطہ کریں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ اس پرچہ میں آپ کے کچھ ممکنہ سوالات کا جواب مل سکتا ہے۔ اگر کوئی چیز باقی ہے جسے آپ جاننا چاہتے ہیں یا جس کے متعلق آپ پریقین نہیں ہیں تو براہ کرم ہم سے پوچھیں۔

آگے آنے والے حصے کورٹ کے طریقہ کار کے مختلف مرحلوں کی وضاحت کرتے ہیں۔

### ابتدائی ڈائٹ

**(مقدمے کے دوران جن گواہوں کو گواہی دینے کے لئے بلایا جا سکتا ہے انھیں حاضر نہیں ہونے کے لئے کہا جاتا ہے کیوں کہ اس سے مقدمے میں تعصب پیدا ہو سکتا ہے)**

اس سماعت میں استغاثہ اور دفاع شیرف کو بتائیں گے کہ کیا وہ مقدمے کو ٹرائل میں لے جانے کے لئے تیار ہیں۔ اگر وہ تیار ہیں، شیرف ٹرائل کے لئے ایک تاریخ متعین کریں گے۔

اگر وہ تیار نہیں ہیں، تو مقدمہ "ملتوی" کیا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ کورٹ کی دیگر سماعت کا انتظام کیا جائے گا۔ یہ ایک سے زیادہ بار ہو سکتا ہے۔ ٹرائل کی تاریخ صرف اسی صورت میں طے ہوگی جب استغاثہ اور دفاع پوری طرح سے تیار ہوں۔

ملزم ابتدائی ڈائٹ میں جرم قبول کر سکتا ہے۔ اگر وہ ایسا کرتے ہیں، تو شیرف وہیں اور اسی وقت سزا سنا سکتے ہیں یا ایک اگلی تاریخ کے لئے معطل (ملتوی) کر سکتے ہیں (سزا سے متعلق حصہ دیکھیں)۔

اگر ملزم جرم قبول نہیں کرتا ہے، تو مقدمہ شیرف اور جیوری کی نشست کے ٹرائل میں جائے گا۔ یہ وہاں ہوتا ہے جہاں ٹرائل کی ایک بڑی تعداد ایک مخصوص مدت کے لئے طے کئے جاتے ہیں۔ آپ کے متعلق مقدمے میں ٹرائل بعض اوقات اس مدت کے دوران شروع ہوں گے۔ VIA آپ کو بتائے گا یہ کب ہوگا۔

### ٹرائل

**(گواہوں کا حاضر ہونا ضروری ہے)**

اگر گواہی دینے کے لئے آپ کی ضرورت ہوتی ہے، تو آپ کو گواہی کا سمن (خط) بھیجا جائے گا جس میں تاریخ اور وقت دیا جائے گا جب آپ کا کورٹ آنا ضروری ہوگا۔ اگر آپ اس دن کورٹ نہیں آسکتے ہیں تو آپ کو فوراً فسکل یا VIA سے رابطہ کرنا چاہئے۔

خط کے ساتھ ایک کتابچہ *شیرف اور جیوری کورٹ میں گواہ بننا* بھیجا جائے گا۔ یہ معلومات فراہم کرتا ہے کہ کورٹ میں کیا لانا ہے، آپ وہاں جاتے ہیں تو کیا ہوگا، اور آپ کن اخراجات کا دعوئ کر سکتے ہیں۔

کورٹ روم میں بلانے سے پہلے بعض اوقات آپ کو کورٹ میں انتظار کرنا ہو سکتا ہے۔ آپ کو گواہی دینے کے لئے نہیں بلایا جا سکتا ہے، یا آپ کو کسی اور دن آنے کے لئے کہا جا سکتا ہے، یہ ٹرائل کیسے آگے بڑھ رہا ہے اس پر منحصر کرتا ہے۔

ٹرائل میں، جیوری سبھی گواہی سنیں گے اور فیصلہ کریں گے کہ کیا نتیجہ **مجرم ہونے** کا ہے، **مجرم نہیں ہونے** کا ہے یا **ثابت نہیں** ہوا ہے۔ اگر نتیجہ مجرم ہونے کا نہیں ہے یا ثابت نہیں ہوتا ہے، ملزم کورٹ سے جا سکتا/سکتی ہے اور یہ مقدمے کا اختتام ہے۔ اگر ملزم/ملزمہ جرم قبول کر لیتا/لیتی ہے یا جرم ثابت ہوتا ہے، تو اس کو اسی وقت یا بعد کی کسی تاریخ کو سزا سنائی جا سکتی ہے۔

### ملزم/ملزمہ کے زریعہ اقبال جرم

ملزم/ملزمہ ابتدائی ڈائٹ کو یا ٹرائل کے دوران جرم قبول کر سکتا/سکتی ہے۔ اگر VIA کو محسوس ہوتا ہے کہ ملزم/ملزمہ ایسا کرنے کا ارادہ رکھتا/رکھتی ہے، ہم آپ کو بتانے کی اپنی بہترین کوشش کریں گے۔ لیکن ملزم/ملزمہ اس اقبال جرم کو آخری وقت میں کرنے کا فیصلہ کرسکتا/سکتی ہے۔

کورٹ میں اقبال جرم کرنے سے پہلے تک وہ اقبال جرم کے متعلق اپنا ذہن تبدیل کرسکتے ہیں۔

### اضافی مدد

انصاف برائے فوجداری نظام میں ملوث ہونا حوصلہ شکن ہو سکتا ہے اور آپ ٹرائل میں گواہی دیتے وقت گھبراہٹ محسوس کر سکتے/سکتی ہیں۔ کیا توقع کرنی ہے اس سے آپ لاعلم ہو سکتے/سکتی ہیں۔

خدمت گواہ کورٹ میں گواہان کے لئے عملی تعاوٗن فراہم کرتا ہے۔ VIA ٹرائل سے پہلے خدمت گواہ کے زریعہ کورٹ کا دورہ کرانے کا انتظام کر سکتا ہے۔ ہم آپ سے پوچھیں گے کہ کیا آپ ہم سے اپنے لئے اس کا انتظام کرانا چاہتے ہیں۔

VIAذیل میں بھی مدد کر سکتا ہے اگر:

- آپ کی پہلی یا ترجیحی زبان انگریزی نہیں ہے اور آپ کو دستاویزات کو سمجھنے یا گواہی دینے میں مدد کی ضرورت ہے۔
- کورٹ میں یا اس کے آس پاس جانے میں آپ کو مشکل ہے۔
- آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو اپنی گواہی دینے میں مدد کی ضرورورت ہو سکتی ہے۔

اگر آپ کو کوئی خدشہ یا خصوصی ضروریات ہیں تو براہ کرم VIA سے کہیں۔ ہم تبادلہ خیال کریں گے کہ کون سی مدد فراہم کرائی جا سکتی ہے اور یہ یقینی بنائیں گے کہ فسکل اور کورٹ ان مسائل سے آگاہ ہیں۔